سوال

(1209)غیر شرعی مضامین پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسی خواتین کے بارے میں کیا حکم ہے جو ایسے رسالے پڑھتی ہیں جن میں تصویریں ہوتی ہیں اور غیر شرعی مضامین ہوتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر ذمہ دار مرد یا عورت پر لازم ہے کہ ایسی کتابوں سے پرہیز کرے جو بدعت و گمراہی کی حامل ہوں یا ایسے رسالے جو خرافات اور گمراہ کن مضامین شائع کرتے ہیں، یا غلط پروپیگنڈہ کرتے ہیں اور بداخلاقی کی اشاعت کرتے ہیں۔ اس کی اجازت صرف ان لوگوں کو دی جا سکتی ہے جو ان کے الحاد و انحراف کی تردید کر سکیں، اور ان کے ذمہ داران کو حق کی نصیحت اور موجودہ غلط روش سے متنبہ کریں اور لوگوں کو ان کے شر سے بچائیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 856

محدث فتویٰ